ادارہ

مسافرانِ آخرت

● **شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد صدیق مدظلہٗ کے جواں سال پوتے کا انتقال:**

حضرت مولانا محمد صدیق مدظلہٗ کے پوتے اور برادرم داؤد احمد کے اکلوتے جواں سال فرزند انظر داؤد ۱۰؍ جون ۲۰۱۱ء کو ٹریفک کے ایک حادثہ میں انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ اگر چہ حضرت شیخ الحدیث کو پیرانہ سالی اور علالت ومعذوری میں شدید صدمہ پیش آیا ہے۔ لیکن انھوں نے اس گہرے غم کو جس حوصلے اور صبر کے ساتھ برداشت کیا ہے یہ اللہ تعالیٰ کا ان پر خاص فضل وکرم اور حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کی برکت ہے۔ برادرم داؤد احمد کو بھی اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ صبر جمیل کی نعمت سے نوازیں اور آخرت میں اجرِ عظیم عطا فرمائیں۔ انظر مرحوم کے درجات بلند فرمائیں اور جوارِ رحمت میں جگہ عطا فرمائیں۔

قائد احرار مولانا سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہٗ، مدیر نقیب سید محمد کفیل بخاری، حافظ سید عطاء المنان بخاری نے حضرت مولانا محمد صدیق دامت برکاتہم اور مولانا میمون احمد کی خدمت میں حاضر ہو کر اظہارِ تعزیت کیا۔ برادران عزیز داؤد احمد اور مولانا محفوظ احمد جالندھری سے فون پر تعزیت اور مرحوم کے لیے دعاءِ مغفرت کی۔

● **میاں محمد سعید مرحوم:** مجلس احرار اسلام سیالکوٹ کے صدر جناب محمد اشرف، میاں محمد امجد حسین اور ارشد حسین جوان بھائی میاں محمد سعید گزشتہ ماہ انتقال فرما گئے۔

● **محمد حامد مرحوم:** مجلس احرار اسلام ملتان کے قدیم کارکن حافظ عبدالخالق لدھیانوی رحمہ اللہ کے بیٹے اور محمد ابراہیم لدھیانوی رحمہ اللہ کے نواسے، حافظ محمد خالد اور حافظ محمد عابد کے بڑے بھائی محمد حامد مرحوم۔ انتقال: ۸؍ جون ۲۰۱۱ء ملتان۔

● **ہمشیرہ مرحومہ، چچا مرحوم حافظ محمد اشرف:** مجلس احرار اسلام ضلع رحیم یار خان کے ناظم جناب حافظ محمد اشرف کی ہمشیرہ مرحومہ اور چچا جناب فتح محمد مرحوم۔ انتقال: ۷؍ جون ۲۰۱۱ء رحیم یار خان

● **جناب محمد حنیف مرحوم:** مدرسہ ختم نبوت، مسجد احرار چناب نگر کے منتظم وخادم حافظ محمد علی صاحب کے سسر جناب محمد حنیف مرحوم۔ انتقال: ۴؍ جون ۲۰۱۱ء

● **محمد زکریا قریشی مرحوم:** مجلس احرار اسلام چناب نگر کے سرپرست جناب محمد زکریا قریشی مرحوم انتہائی مخلص اور سرگرم کارکن تھے۔ خطیبِ احرار مولانا محمد مغیرہ کے دستِ راست اور جماعت کے لیے ہر وقت متفکر رہنے والے قیمتی ساتھی تھے۔ انتقال: جون ۲۰۱۱ء چناب نگر